Principles of Commerce - I.COM Part 1 Principles of Commerce Chapter 9 Short Questions Preparation

Q1. صارف کی تعریف کریں.

Ans 1: ایسے افراد یا ادارے جو اشیاء کو استعمال کرنے کے لیے خریدتے ہیں صارفین کہلاتے ہیں،دنیا کا کاروبار صارفین کی بدولت قائم ہے.

Q2. تاجر کی تعریف کریں.

Ans 1: ایسا شخص جو اس غرض سے اشیاء کی خریداری کرتا ہے کہ انہیں اگے فروخت کر کے اس پر نفع کمائے گا تاجر کہلاتا ہے. تاجر پیدا کر یا دوسرے کسی تاجر سے مال خریدتا ہے اور صارفین کو فروخت کردیتا ہے.

Q3. غیر ملکی تجارت سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ایک ملک کے باشندوں کی کسی دوسرے ملک کے باشندوں سے تجارت غیر ملکی تجارت کہلاتی ہے.غیر ملکی تجارت کی دو اقسام ہیں. 1.درآمدی تجارت 2.برآمدی تجارت

Q4. درکافتی خط کی تعریف کریں.

Ans 1: یہ خط خریدار اور فروخت کنندہ کے درمیان رابطے کا کام کرتا ہے. جب کوئی تاجر مال خریدنا چاہتا ہے تو اس سے متعلق تمام ضروری معلومات اس خط کے زریعے حاصل کرلیتا ہے. اس خط کے زریعے مستقبل کی غلط فہمی سے بچنے کے لیے

Ans 2: مال کی موجودگی

Ans 3: مال کا معیار

Ans 4: قیمت اور اس میں رعایت وغیرہ

Q5. تجارت کی تعریف اور اس کی اقسام بیان کریں.

Ans 1: تجارت اشیاء کی خرید و فروخت کا نام چاہے یہ خرید و فروخت زر کے بدلے یا براہ راست اشیاء کے بدلے

Ans 2: اقسام: ملکی تجارت: اگر اشیاء کسی ملک کی سرحدوں کے اندر رہ کر کیا جائے تو اسے ملکی تجارت کا نام دیا جاتا ہے.

Ans 3: غیر ملکی تجارت:دو یا دو سے زیادہ ممالک کے درمیان اشیاء یا خدمات کا تبادلہ غیر ملکی تجارت کہلاتا ہے.

Q6. بین الاقوامی تجارت اور ملکی تجارت کی تعریف کریں.

Ans 1: بین الاقوامی تجارت: بین الاقوامی تجارت سے مراد اشیا کا ایسا لین دین ہے جس میں دو مختلف ممالک کے باشندے شامل ہوں. ملکی تجارت: ملکی تجارت سے مراد ایسا تجارت ہے جس میں اشیا کا خریدار اور فروخت کار دونوں کا تعلق ایک ہی ملک سے ہو.

Q7. بین الاقوامی تجارت سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: دو یا دو سے زائد ممالک کے باشندوں کے درمیان اشیاء یا خدمات کا تبادلہ غیر ملکی تجارت کہلاتا ہے،اشیاء کا تبادلہ عموماً پیدا کار اور صارف ملکوں کے درمیان ہوتا ہے اسے بین الاقوامی تجارت کا نام بھی دیا جاتا ہے.

Q8. ملکی تجارت کے فوائد کیا ہیں.

Ans 1: مال کی طلب میں اضافہ

Ans 2: قانونی پابندیاں سے آزاد

Ans 3: ذریعہ روزگار

Ans 4: اشیاء کی آزاد نقل پذیری

Ans 5: ملکی کرنسی کا استعمال

Q9. ایکس شپ پرائس کی تعریف کریں.

Ans 1: ایکس شپ پرائس سے مراد سامان کی وہ قیمت ہے جس میں سامان کو درآمد کنندہ کی مقررہ کردہ بندرگاہ تک پہنچانے اور اس کے کے اخراجات کو برداشت کرنے کی ذمہ داری برامد کنندہ پر ہوتی ہے.سامان کو جہاز سے اتار لینے کے بعد منزل مقصود تک پہنچانے کے لیے دوسرے اخراجات درامد کنندہ ادا کرے گا.

Q10. صارف کی تعریف کریں.

Ans 1: آیسے افراد یا ادارے جو اشیاء کو استعمال کرنے کے لیے خریدتے ہیں صآرفین کہلاتے ہیں.